हाईस्कूल परीक्षा / High School Examination

(मुख्य / Main) वर्ष / Year - 2026

SET / सेट

C

اردو

URDU

Total Printed Pages : 8	Total Questions : 23	Time : 3 Hours	Maximum Marks : 75

ہدایات :

(i) تمام سوالات کے جوابات لکھنا لازمی ہیں۔

(ii) املا اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

(iii) یا کرکے دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے سوال نمبر 5 تک معروضی سوالات درج ہیں۔

(v) سوال نمبر 6 سے سوال نمبر 17 تک ہر سوال پر دو نمبر مقرر ہیں۔

(vi) سوال نمبر 18 سے سوال نمبر 20 تک ہر سوال پر تین نمبر مقرر ہیں۔

(vii) سوال نمبر 21 سے سوال نمبر 23 تک ہر سوال پر چار نمبر مقرر ہیں۔

6

1. ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(1) بھولا شوق سے کیا سنتا تھا؟

(2) شاعر نے محبوب کی مسکراہٹ کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

(3) دل میں فروتنی کو جا دینے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(4) فانی بدایونی کو یاسیات کا امام کیوں کہا جاتا ہے؟

(5) سرسید کی خادمہ کا نام کیا تھا؟

(6) بھاگوتی نے اپنے گھر میں کن دو عورتوں کو پناہ دی تھی؟

معروضی سوالات

6

2. صحیح جواب چن کر لکھیے۔

(1) عورت کا دل محبت کا :

(i) سمندر ہوتا ہے۔ (ii) دریا ہوتا ہے۔

(iii) تالاب ہوتا ہے۔ (iv) ساگر ہوتا ہے۔

(2) رباعی کی روح کہلاتا ہے :

(i) پہلا مصرعہ (ii) دوسرا مصرعہ

(iii) تیسرا مصرعہ (iv) چوتھا مصرعہ

(3) اردو میں ڈرامے کا آغاز ہوا :

(i) آصف الدولہ کے زمانے میں (ii) سراج الدولہ کے زمانے میں

(iii) واجد علی شاہ کے زمانے میں (iv) ٹیپو سلطان کے زمانے میں

(4) مذہب کی زبان پر ہے :

(i) راست گوئی کا پیغام (ii) نکوئی کا پیام

(iii) ٹرائی کا پیام (iv) صلح جوئی کا پیام

17411043 17411043 17411043 17411043

(5) نظم کی قسمیں ہوتی ہیں :

(i) چار　(ii) چھ

(iii) آٹھ　(iv) دس

(6) درخت و دیگر پودے جذب کر لیتے ہیں:

(i) ہوا کی خوشبو کو　(ii) ہوا کی آلودگی کو

(iii) ہوا کی نمی کو　(iv) ہوا کی آکسیجن کو

3. خالی جگہ مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ 6

(اُردو زبان، غزل، سرسید احمد خاں، موسم بہار، پانی پت، منگو کوچوان)

(1) .... نے علی گڑھ میں 1857 میں ایک اسکول قائم کیا۔

(2) چمن سے روتا ہوا .... گیا۔

(3) چھاؤنی پہنچ کر استاد .... نے سواری کو اس کی منزل مقصود پر اُتار دیا۔

(4) مولانا الطاف حسین حالی .... میں پیدا ہوئے۔

(5) .... ایک خوش رنگ ہرا بھرا گلدستہ ہے۔

(6) .... اردو کی سب سے مقبول صنف سخن ہے۔

4. صحیح یا غلط (√، ×) جملوں کی نشاندہی کیجیے۔ 6

(1) قدرت نے دنیا کی ہر ایک چیز کو ضرورت کے اعتبار سے ایک دوسرے کو جوڑ دیا ہے۔ (　)

(2) وہ کلمہ جو کسی اسم کی خوبی یا خاصیت بتائے صفت کہلاتا ہے۔ (　)

(3) بھولا اپنے ماموں کے آنے کا انتظار کر رہا تھا۔ (　)

(4) انیس ایک قادرالکلام شاعر اور ماہر فن کار تھے۔ (　)

(5) غزل کا پہلا شعر مقطع کہلاتا ہے۔ (　)

(6) ذوق کو موسیقی اور علم نجوم سے کافی دلچسپی تھی۔ (　)

6

5. صحیح جوڑی بنائیے۔

الف		ب
(1) فائدہ / فوائد	۔	مذہب اسلام میں
(2) عورت اور مرد کو یکساں درجہ دیا گیا	۔	واحد / جمع الفاظ
(3) نواب زین العابدین	۔	محاورہ
(4) عید کا چاند ہونا	۔	سرسید کے ماموں
(5) جلوۂ دربار دہلی	۔	متضاد الفاظ
(6) محبت د نفرت	۔	اکبر الہ آبادی

2

6. نظم ''او دیس سے آنے والے بتا'' میں آوارۂ غربت سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

یا

'ہستی کی کیا ہستی ہے' سے شاعر کی مراد ہے؟

2

7. درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح لکھیے۔

(i) بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

(ii) جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے

(iii) خوشی میں اپنے قدم چوم لوں، تو زیبا ہے
وہ لغزشوں پہ مری مسکرائے ہیں کیا کیا

8. استاد منگو کون تھا؟ اور اُسے دنیا کے حالات کی خبریں کس طرح ملا کرتی تھیں؟

2

یا

بابائے اُردو کسے کہا گیا ہے؟

9. درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر کسی ایک کی سلیس اردو لکھیے۔ 2

''بھلا ہم میں سے کون ہے جسے صحت عزیز نہ ہو۔ تو پھر یہ بے حسی کیسی ہے؟ ہم کیوں نہ انتظار کریں کہ جب چیکنگ اور چالان شروع ہوں، تبھی اپنی گاڑیوں اور کارخانوں کو درست کریں۔ اگر ہم کو اپنی صحت پیاری ہے اور اپنے ننھے منے مسکراتے بچوں کو صحت مند فضا مہیا کرنی ہے تو ہمیں یہ بے حسی اور لاپرواہی چھوڑنی ہوگی۔''

یا

''مہذب قوموں نے، باوجود کہ اُن کے یہاں کا قانون نسبت عورتوں کے نہایت ہی ناقص اور خراب تھا۔ اپنی عورتوں کی حالت کو نہایت اعلیٰ درجے کی ترقی پر پہنچایا ہے، اور مسلمانوں نے باوجود یہ کہ اُن کا مذہبی قانون نسبت عورتوں کے، اور ان کی حالت بہتری کے تمام دنیا کے قوانین سے بہتر اور عمدہ تھا مگر انہوں نے اپنے نامہذب ہونے سے ایسا خراب برتاؤ عورتوں کے ساتھ اختیار کیا ہے۔

10. حروف عطف کی تعریف مع مثال لکھیے۔ 2

یا

درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار الفاظ کی ضد لکھیے۔

بلندی، حیات، قدیم، جنگ، سست، گمان

11. ''تجنیسِ تام'' کی تعریف مع مثال لکھیے۔ 2

یا

درج ذیل الفاظ سے واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیے۔ (کوئی چار)

تقریب، فوج، ارواح، استاد، مساجد، مدارس

17411043

2 12. درج ذیل بند کی تشریح کیجیے۔

کیا شام پڑے گلیوں میں وہی دلچسپ اندھیرا ہوتا ہے؟
اور سڑکوں کی دھندلی شمعوں پر سایوں کا بسیرا ہوتا ہے
باغوں کی گھنیری شاخوں میں جس طرح سویرا ہوتا ہے؟

یا

سڑکیں تھیں ہر کمپ سے جاری
پانی تھا ہر پمپ سے جاری
نور کی موجیں لمپ سے جاری
تیزی تھی ہر جمپ سے جاری

2 13. مایا کے مکھن جمع کرنے کی کیا وجہ تھی؟

یا

منگو کوچوان انگریزوں سے نفرت کیوں کرتا تھا؟

2 14. سرسید کے نانا کے یہاں دسترخوان کے کیا آداب تھے؟

یا

ڈراما ''آزمائش'' میں ''امان کا پروانہ'' کا کیا مطلب ہے؟

2 15. سبق 'مخلوط زبان' میں اُردو زبان کی کن خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے؟ مختصر لکھیے۔

یا

ہمیں اپنے ماحول کو بچانے کے لئے کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟ مختصر لکھیے۔

17411043 17411043 17411043 17411043 26

16. تلمیح کی تعریف مع مثال لکھیے۔ 2

یا

درج ذیل میں سے دو محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

شیر و شکر ہونا، ہاتھ نہ لگانا، آنکھوں پر پردہ پڑنا۔

17. عمر خضر سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ 2

یا

شیخ محمد ابراہیم ذوق کی غزل گوئی کی دو خاصیت لکھیے۔

18. درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھیے۔ 3

(i) الطاف حسین حالی

(ii) سر سید احمد خاں

(iii) مولوی عبدالحق

19. درج ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے۔ 3

غزل، نظم، رباعی

20. درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے۔ 3

افسانہ، ڈراما، سوانح

21. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 4

(i) ماحول کی آلودگی

(ii) قومی رہنما

(iii) تاریخی عمارت

(iv) سائنس کے فوائد اور نقصانات

260419 17411043

4

22. درج ذیل غیر درسی عبارت کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جوابات لکھیے۔

''اساتذہ کی زبان اور تلفظ کا طلبا پر گہرا اثر ہوتا ہے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کچھ کا کچھ سن لیتے ہیں اور یہ عام طور سے پیچھے بیٹھے ہوئے طلبا کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس لئے بولتے وقت وہ الفاظ کی ادائیگی درست نہیں کرتا۔ آج کے طلبا میں لغت دیکھنے کا رواج بہت کم ہے۔ تلفظ اور املا درست ہونے کے لیے لغت کا دیکھنا بہت ضروری ہے۔

اِدارہ، اَدارہ، رَضا، رِضا، وَضو، وُضو، نَکات، نِکات، وغیرہ یہ ایسے الفاظ ہیں جو دونوں طرح سے بولے جاتے ہیں۔ اس لئے صحیح تلفظ کے لئے لغت کا دیکھنا ضروری ہے۔''

(i) پیچھے بیٹھے طلبا کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

(ii) آج کے طلبا میں کیا رواج کم ہے؟

(iii) صحیح تلفظ کے لئے کیا ضروری ہے؟

(iv) اقتباس کا مناسب عنوان لکھیے۔

4

23. اپنے اسکول کے پرنسپل کو پکنک پر جانے کے لئے درخواست لکھیے۔

یا

اپنے بڑے بھائی کی شادی میں بُلانے کے لئے سہیلی / دوست کو خط لکھیے۔